تشریف لائے ۔آپ مشہور شاعر خوشحال خان خٹک کے حوالہ سے تحقیق کر رہے ہیں اسی ضمن میں دار العلوم حقانیہ بھی آپ لائے اور مختلف شعبہ جات کا مطالعہ کیا۔

<u>دار العلوم کے مخلص جناب ڈاکٹر کرنل مختار کے بڑے بھائی کی وفات</u>: بین الاقوامی شہرت کے حامل جناب ڈاکٹر کرنل مختار کے بڑے بھائی سید صفدر شاہ بخاری طویل علالت کے بعد راولپنڈی میں بروز منگل ۲۸؍ اکتوبر ۲۰۰۸ء کو انتقال فرما گئے ۔ مرحوم کی تعزیت کے سلسلے میں حضرت مہتمم صاحب مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ ٗ جناب اظہار الحق ٗ مولانا راشد الحق ٗ مولانا یوسف شاہ ٗ جناب الحاج دلاور خان اور جناب طارق خان صاحبان انکی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے ۔دار العلوم میں مرحوم کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔ قارئین سے انکے رفع درجات کیلئے دعاؤں کی اپیل ہے۔

<u>قدیم فاضل حقانیہ مولانا حافظ ختام الحق صاحب کا سانحہ ارتحال</u>: جامعہ دار العلوم حقانیہ کے نامور فاضل مولانا قاری محمد عمر علی مدنی (مہتمم جامعہ تحسین القرآن) کے سسر مشہور عالم دین مولانا ختام الحق صاحب گزشتہ مہینے بقضائے الٰہی وفات پا گئے ۔ مرحوم ابتداء سے لے کر تاحین وفات جامعہ تحسین القرآن کے سرپرست رہے۔ آپ کافی عرصہ دار العلوم کے شیر بھی رہے۔ آپ ایک جید مدرس اور بہترین خطیب بھی تھے۔ آپ کی نماز جنازہ میں دار العلوم حقانیہ کے نائب مہتمم مولانا حافظ انوار الحق صاحب مدظلہ اور دار العلوم کے شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب مدنی اور دیگر اساتذہ کرام وطلبہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ آپکے باقیات صالحات میں جملہ صاحبزادگان جناب فیاض الحق ٗ مولانا احتشام الحق ٗ مولانا فہیم الحق ٗ مولانا سلیم الحق صاحبان شامل ہیں ۔ جو مختلف مدارس میں درس وتدریس کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں ۔ادارہ حضرت قاری محمد عمر علی صاحب اور ان کے پسماندگان کیساتھ دلی تعزیت کرتا ہے ۔

بروز پیر ۲۷؍ اکتوبر تخصص فی الفقہ کے سال دوم طالبعلم مولانا ہدایت اللہ ٗ دار العلوم سے جاتے ہوئے ٹریفک حادثہ میں شہید ہوگئے ۔ مرحوم انتہائی عابد وزاہد اور صوفی منش انسان تھے۔ دار العلوم کے اساتذہ اور طلباء نے اس شہید علم کے جنازہ میں بڑی تعداد میں شرکت کی۔ <u>ممتاز عالم دین شیخ القرآن حضرت مولانا محمد رفیق کی وفات</u>:

دار العلوم حقانیہ کے قدیم اور اولین فضلاء میں سے جناب شیخ القرآن حضرت مولانا محمد رفیق صاحب گزشتہ دنوں خالق حقیقی سے جا ملے ۔ آپکی عمر اسی سال تھی ۔ آپ نے ۱۹۵۴ء میں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الحق ؒ سے حدیث پڑھی۔ ۱۹۵۵ء میں آپ نے شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ سے دورۂ تفسیر فرمایا۔ حضرت لاہوریؒ کی کتاب (علماء حق کی مودودی سے ناراضگی کے اسباب) پر آپ نے تقریظ بھی لکھی ٗ مرحوم نہایت ہی پاکباز اور بڑے عابد وزاہد شخصیت تھے۔ ادارہ آپکے تمام صاحبزادگان ٗ پسماندگان اور خصوصاً دار العلوم کے طالب محمد قاسم سے دلی تعزیت کرتا ہے۔

<u>دعائے صحت کی اپیل</u>: دار العلوم کے سابق صدر المدرسین ٗ متکلم عصر حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب قدس سرہ کی اہلیہ محترمہ اور دار العلوم کے مدرس حضرت مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب کی والدہ محترمہ ان دنوں شدید بیمار ہیں ٗ تمام قارئین الحق ٗ علماء وفضلاء اور طلباء سے ان کیلئے دعائے صحت کی خصوصی اپیل کی جاتی ہے۔